| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’گ‘ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ ’حرف ’گ‘ کی پہچان کر سکیں‘۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے دو) بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروفِ تہجی اردو کے نظم سنائی جائے گی۔ بچوں سے حروف ’ا تا ک‘ کا تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ق‘ کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’ق‘ کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف ’گ‘ کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف ’گ‘ ہے۔ یہ حروفِ تہجی کا تیسواں حرف ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ’گ‘ کو درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف ’گ‘ کے ذخیرہ الفاظ (گاجر، گملا، گڑیا، گیند، گینڈا، گوبھی، گلاب) فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے۔ بچوں کو گیند دکھا کر پوچھا جائے گا کہ یہ کیا ہے؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ گیند کی شکل دائرے جیسی ہے اور یہ کھیلنے کے لیے استعمال ہوتی ہے بچوں کو بتایا جائے گا کہ گیند کی ابتدائی آواز ’گ‘ کی ہے۔ حرف ’گ‘ سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھائی جائیں گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ’گ‘ کے اوپر دو کش ہوتے ہیں۔ | 10 منٹ | پی پی ٹی | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو گاجر کے کٹ آؤٹس دیے جائیں گے۔ لال اور سبز کریپ پیپر کی پیسٹنگ کروائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ گاجر کی ابتدائی آواز ’گ‘ کی ہے۔ بچوں کو گاجر کھانے کے فائدے بتائے جائیں گے۔ | 20 منٹ | گاجر کٹ آؤٹس<br>لال، سبز کریپ پیپر | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ’گ‘ کی آواز پوچھی جائے گی۔ ’گ‘ کون سے حرف کے بعد آتا ہے پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’گ‘ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ’حرف ’گ‘ کی پہچان کرسکیں‘۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے چار) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ’’حروف تہجی‘‘ اردو کے نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو ’گ‘ کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف اور اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ق‘ کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’ق‘ کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف ’گ‘ کی نظم سنائی جائے گی۔<br>گول گپے والا آیا گول گپے والا آیا — مزے مزے کے گول گپے لایا<br>ٹھنڈا ٹھنڈا کھٹا میٹھا — املی کا وہ پانی لایا<br>گول گپے والا آیا گول گپے والا آیا | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>سفید بورڈ یا تختہ سیاہ پر مختلف سبزیوں کی تصاویر چسپاں کی جائیں گی بچوں کو حرف ’گ‘ سے شروع ہونے والے تصاویر کے گرد دائرہ بنانے اور ان کا نام بتانے کو کہا جائے گا بچوں کو تمام سبزیوں کے نام بتائے جائیں گے اور سبزیاں کھانے کے فائدے بھی بتائے جائیں گے۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 70 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں سے کہا جائے گا کہ ’گ‘ پر انگلی پھیریے اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے حرف گ، کی آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی | 20 منٹ | سبزیاں فلیش کارڈز<br>کتاب صفحہ نمبر 70 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے گاجر اور گوبھی کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |
| | **ہوم ورک:**<br>حرف ’گ‘ میں انگلی سے رنگ بھریے۔ | | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'گ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'گ' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے چار) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'گ' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے 'گ' کی نظم دہرائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'گ' کی کہانی سنیں گے۔<br>گڑیا اپنے گھر کے باہر گیند سے کھیل رہی تھی۔ اس کو آواز آئی کہ گلی میں گولا گنڈا والا آیا ہے۔ اس نے امی سے کہا کہ اسے گولا گنڈا کھانا ہے۔ اس کی امی نے انکار کردیا کہ گولا گنڈا کھانے سے گلا خراب ہوجاتا ہے۔ گھر کے باہر بہت سے گلاب لگے ہوئے تھے۔ گڑیا وہاں گلابوں کے پاس بیٹھ گئی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ آج ہم گیند بنائیں گے اور کہا جائے گا اس کے اوپر اپنی مرضی سے رنگ بھریں اور ڈیزائن بنایئے۔ بچوں سے گیند کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے گملا اور گینڈا کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | پیپر پلیٹ، رنگ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'گ' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'گ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'گ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف 'گ' کی پہچان کر سکیں۔ اور اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے سات) اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'گ' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ حرف 'گ' کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا اور اس میں استعمال ہونے والے 'گ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف اور اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'گ' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'گ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'گ' کے مزید الفاظ جانیں گے بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے گلاب، گوبھی، گینڈا کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔ بچوں سے ان الفاظ کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>Salt Tray پر حرف 'گ' کی لکھائی کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 71 کھولنے کو کہا جائے گا دی گئی تصاویر کے نام بنانے کو کہا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ کیا 'کپاس' کی ابتدائی آواز 'گ' ہے؟ بچوں کو 'گ' کی تصاویر کی گرد دائرہ لگانے اور 'گ' پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | Salt Tray<br>کتاب صفحہ نمبر 71 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے گوبھی اور گڑیا کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'گ' | دن: | پانچواں |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'گ' کی پہچان کرسکیں۔ اور اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے سات) اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'گ' کے تمام فلیش کارڈ دکھا کران کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 3منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'گ' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'گ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>حرف 'گ' کا فلیش کارڈ دکھا کر پوچھا جائے گا کہ یہ کون سا حرف ہے؟ بچوں کو Sand Letters دے کر حرف 'گ' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | Sand Letters | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'گ' پر پینسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں کام مکمل کر سکے۔ | 30منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'گ' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی اور 'گ' سے شروع ہونے والی اشیاء کی تصاویر دکھا کران کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 2منٹ | | |